SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Unità Sanitaria Locale di Modena




# پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ

# ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے معلومات

## یورپی اتحاد کے ضابطہ نمبر 2016/679 کا آرٹیکل 13- جی ڈی پی آر

اس دستاویز کے ساتھ موڈینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پرائیویسی کے موجودہ قانون کے عین مطابق، پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی سروس کے لیے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

**ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے مکمل معلومات اور مزید معلومات کے لیے موڈینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی رسمی ویب سائٹ www.ausl.mo.it/privacy پر ملاحظہ کریں**

### قانونی جواز اور استعمال کا مقصد

جو ذاتی معلومات طلب کی جاتی ہیں وہ ہیلتھ سروسز مہیا کرنے اور ان کے انتظامات کے لیے ضروری ہوتی ہیں اور پیشہ ورانہ صیغہ رازی، دفتری رازداری اور پرائیویسی کے قانون کے اصولوں کے مطابق، واضح طور پر پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سروسز کے مجاز اہلکار استعمال کرتے ہیں۔

پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ مخصوص قوانین کے مطابق اپنے فرائض انجام دیتا ہے تاکہ صحت کے فروغ، بیماریوں اور معذوریوں کی روک تھام، عوام اور کارکنوں کے معیار زندگی میں بہتری کے ذریعے اجتماعی صحت کے تحفظ کی ضمانت دی جاسکے؛ اس لیے اسے ذاتی ڈیٹا اور صحت کے بارے معلومات کے استعمال کے لیے رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

خاص طور پر، ان مقاصد کے لئے ڈیٹا استعمال کی جاتی ہے:

- عام زندگی اور کام کے دوران حادثات اور صحت کے خطرات سے تحفظ سے متعلق ادارہ جاتی سرگرمیاں؛
- سرٹیفکیٹ جاری کرنا؛
- حفاظتی تدابیر کی سرگرمیوں سے متعلق انتظامی کاروائی (خطرے والے عوامل کی شناخت، حفظان صحت اور تحفظ سے متعلق ضوابط کی پاسداری کی نگرانی وغیرہ)؛
- صحت کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی، انتظام، کنٹرول اور تشخیص (ممکنہ طور پر متعلقہ فریق کی واضح رضامندی کے ساتھ، جائزہ سروے بذریعہ سوالنامے یا تحقیقات)؛
- وبائی امراض کا مطالعہ کرنا اور ان کا ریکارڈ مرتب کرنا؛
- اطلاعات کا انتظام (جیسے پیشہ ورانہ امراض، متعدی امراض وغیرہ)

### یہ ڈیٹا کس کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے

پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی مختلف سروسز کے بارے ڈیٹا ان اداروں سے شیئر کیا جاسکتا ہے:

- سرکاری ادارے: ہیلتھ اتھارٹی (میئر)، جوڈیشل اتھارٹی، جوڈیشل پولیس، ریجن، دیگر ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، صوبائی لیبر ڈائریکٹوریٹ، کام پر حادثہ ہونے کی صورت میں انشورنس والا ادارہ اینائیل، صوبہ، تحفظ ماحول کی سرکاری ایجنسی آرپا؛
- متعلقہ شخص کے علاوہ دیگر ادارے: قانون ساز فرمان 81/2008 کی تعمیل کے مطابق کارکنان کی حفاظت کا نمائندہ، ملازمت دینے والا آجر، رہنمائی کرنے والے ادارے یا ٹرونانی (متعلقہ شخص کی جانب سے جس چیز کی اجازت دی ہو)؛
- دیگر ادارے: سرکاری یا نجی، جو قانون یا قوائد کے مطابق طے کیے گئے ہیں۔

### ڈیٹا پراسیسنگ کا طریقہ کار اور محفوظ رکھنے کی مدت

ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ ایک محفوظ طریقے سے الیکٹرانک یا کاغذی ذرائع سے کی جاتی ہے تاکہ اس تک صرف مجاز اہلکاروں کی رسائی کی ضمانت دی جاسکے۔

ڈیٹا کو اس کی پراسیسنگ کا مقصد پورا کرنے کے لیے مطلوبہ وقت تک محفوظ رکھا جاتا ہے۔

### متعلقہ شخص کے حقوق

آپ کسی بھی وقت اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، غلط ڈیٹا کی اصلاح کرانے اور نامکمل ڈیٹا کو مکمل کرانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ مزید یہ کہ قانون کے ذریعہ قائم کردہ شرائط اور وجوہات کی بناء پر، ڈیٹا کی پراسیسنگ کو محدود کرنے اور اس ڈیٹا کی پراسیسنگ کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس مقصد کے لیے dpo@ausl.mo.it کے ای میل ایڈریس پر لکھ کر محکمے کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو ایک مخصوص درخواست پیش کی جاسکتی ہے۔

مطلوبہ شرائط پوری ہونے کی صورت میں، طے شدہ طریقہ کار کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لئے گارنٹر اتھارٹی کو بھی شکایت جمع کروائی جاسکتی ہے۔

ڈیٹا پراسیسنگ کرنے کا مجاز موڈینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے، جس کا ہیڈ آفس یہاں واقع ہے:

Via San Giovanni del Cantone, 23, Modena